# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد!        مورخہ۔3 مئی 2021

حلقہ PP-84 میں ضمنی انتخاب 5 مئی کو ہوگا۔انتخابی عمل کو صاف، شفاف پر امن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے تمام انتظامات الیکشن کمیشن کی جانب سے مکمل کرلیے گئے ہیں۔ پولنگ کے دن جن میں سیکیورٹی کے لیے پولیس کے ساتھ ساتھ پاکستان رینجرز کے اہلکاران پریذائیڈنگ افسران کے ساتھ ریٹرننگ افسر کے دفتر سے انتخابی سامان کی وصولی اور انتخاب مکمل ہونے کے بعد واپسی تک ہمراہ رہیں گے۔مزید برآں حلقے میں قائم تمام 229 پولنگ اسٹیشنز کے باہر رینجرز اور پنجاب پولیس کے اہلکار امن وامان قائم رکھنے کے لیے سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن اور فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے اور وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسر کو وائٹس ایپ پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی کاپی حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسر کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل سے حاصل کرے گا اور ان فرانزک تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر پر ٹرانسفر کرے گا۔ <u>ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔</u>

کرونا وائرس کے حالیہ پھیلاؤ میں اضافے کے پیش نظر انتخابی میٹریل پریذائیڈنگ افسران کے حوالے کرتے وقت، پولنگ کے دن ووٹنگ کے عمل کے دوران ریٹرننگ افسر کے دفتر میں نتائج وصولی کے وقت سماجی فاصلے کو برقرار رکھنے اور دیگر SOPs جن میں ماسک اور سینیٹائزر شامل ہے کے حوالے سے ہدایات بھی کی گئیں ہیں۔تاہم اس سلسلے میں اس بات کی ہدایات بھی جاری کی گئیں ہیں کہ SOPs پر عمل درآمد کے دوران ووٹنگ کے عمل میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے اور کوئی بھی اہل ووٹر اپنے حق رائے دہی استعمال کرنے سے محروم نہ رہے۔ اگر کسی ووٹر کے پاس ماسک موجود نہ ہو تو الیکشن کمیشن کا عملہ اور ضلعی انتظامیہ ماسک فراہم کرے گی۔

(جاری ہے)

ریٹرننگ افسر کے دفتر میں خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جو پولنگ کے عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتا رہے گا اس کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس اور رینجرز کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تا کہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال کو نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول روم قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلاتعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد
۱۔ فون نمبر 051-9204402-03
۲۔ فیکس نمبر 051-9204404
۳۔ ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com

صوبائی کنٹرول روم پنجاب لاہور
۱۔فون نمبر 99212607 - 042-99212717
۲۔فیکس نمبر 042-99211021
۳۔ ای میل ایڈریس comptcellpp84@gmail.com

کنٹرول روم ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر PP-84
۱۔فون نمبر0454-731005
۲۔ ای میل ایڈریس shakeelahmedropp84@gamil.com

الیکشن کمیشن اس بات کی توقع کرتا ہے کہ حلقہ کے ووٹر اپنا حق رائے دہی پرامن انداز میں COVID-19 کے SOPs کا خیال رکھتے ہوئے استعمال کریں گے اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے تعینات کردہ اہلکاران ان سے بھرپور تعاون کریں گے۔

---